BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION,MULTAN

125

OBJECTIVE KEY FOR SSC SPECIALEXAMINATION,2021

(10th)

Name of Subject: اردو (لازمی) Session: 2021

Q.Nos	Paper Code 3021	Paper Code	Paper Code	Paper Code
1	C			
2	A			
3	D			
4	B			
5	D			
6	A			
7	B			
8	D			
9	C			
10	B			
11	C			
12	B			
13	D			
14	B			
15	A			
16				
17				
18				
19				
20				

سرٹیفکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ / مارکنگ Key

ہم نے مضمون اردو پرچہ II دہم گروپ X میٹرک سپیشل امتحان 2021 ء کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی(Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی(MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات / مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کردی گئی ہیں۔

Prepared & Checked By:

Dated: 21-12-2021

S.#	Name	Designation	Institution	Mobile No	Signature
1	Muhammad Ramzan	S.S.T	G.H/S Shamsabad, Multan	0308-7335595	[signature]
2	Syed Masood Nabi	S.S.T.	G. New Millat H/S Mumtazabad	0345-7229292	[signature]
3					
4					

رول نمبر ______ 126

2021

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II (جماعت دہم) (سپیشل امتحان)

اردو (لازمی) وقت = 2.10 گھنٹے

کل نمبر = 60

حصہ اِنشائیہ

حصہ اول

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

2۔ درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ 10 = 5 x 2

"حصہ نظم"

(i) بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰؐ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) اُصولِ محبت ہے، پیغام جس کا — وہ محبوبؐ پروردگار آگیا ہے

(iii) کوسوں کسی شجر میں نہ گل تھے، نہ برگ و بار — ایک ایک نخل جل رہا تھا صورت چنار

(iv) فاطمہ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے — نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے

"حصہ غزل"

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں، اک خطا ہوگئی ہے

(vi) بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) اے بھائی مسلمانو! خدا کے لیے مجھ بدنصیب کا حال سنو۔ میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں۔ اب روٹیوں کو محتاج ہوں اور اپنی مصیبت میں ایک ایک سے کہتا ہوں۔ میں بھیک نہیں مانگتا۔ یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں۔

(ب) باغ کے داروغہ خود بھی بڑے کارگزار اور مُستعد شخص ہیں اور دوسروں سے بھی کھینچ تان کر کام لیتے ہیں۔ اکثر مالیوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرنی پڑتی ہے۔ ورنہ ذرا بھی نگرانی میں ڈھیل ہوئی ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گئے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 = 5 x 2

(i) مسلمانوں کو اپنے دینی معاملات میں اپنی آزادی کب ختم ہوتی نظر آئی؟

(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iii) لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟ (بحوالہ سبق ملمع)

(iv) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(v) نام دیو نے پانی کی قلّت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

(vi) "برسے ہوئے بادل" سے کون مراد ہے؟

(vii) شاعری میں میر انیسؔ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(viii) شاعر حسرتؔ موہانی کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ کسی ایک نثری سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(i) نظریۂ پاکستان (ii) چغل خور

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 15

(i) قائدِ اعظمؒ (ii) یومِ آزادی (iii) محنت کی برکتیں

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10 = 5 x 2

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبِیّنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ وَسَلَّمْ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:۔ (۱) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (۲) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(۳) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(۴) کیا گورے مسلمانوں کو کالے مسلمانوں پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (۵) اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔

PAPER CODE NUMBER: 3021

2021

رول نمبر ______

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - II (جماعت دہم) (سپیشل امتحان)

اردو (لازمی)

وقت = 20 منٹ

کل نمبر = 15

حصہ معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) کائنات کا وجود اللہ تعالٰی کے:۔ (A) احکامات کا نتیجہ ہے (B) چاہنے کا نتیجہ ہے (C) حرفِ کُن کا نتیجہ ہے (D) ان سب کی وجہ سے

(2) بحوالہ متن نعت، محبوبِ پروردگار ؐ کا پیغام ہے۔ (A) اُصولِ محبت (B) غم گساری و غریب نوازی (C) امانت داری (D) دلیری

(3) جہانگیر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے بہت سختیاں جھیلیں۔ (A) حضرت شاہ ولی اللہؒ نے (B) شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے (C) سیّد احمد بریلویؒ نے (D) حضرت مجدد الف ثانیؒ نے

(4) آفت اور مصیبت کا مارا فقیر بچوں کا باپ تھا۔ (A) تین (B) سات (C) پانچ (D) نو

(5) سبق ''مُلَمَّع '' افسانوں کے مجموعے سے ماخوذ ہے۔ (A) وہ لوگ (B) ہائے اللہ (C) چوری چھپے (D) سب افسانے میرے

(6) چُغل خور کام جانتا تھا۔ (A) کھیتی باڑی کا (B) لکڑی کا (C) لوہے کا (D) معماری کا

(7) گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔ (A) ضرر رساں (B) آبِ حیات (C) بے سود (D) مفید

(8) علی بخش کے مطابق ڈاکٹر محمد اقبالؒ کی پسندیدہ خوراک تھی۔ (A) پلاؤ (B) سیخ کباب (C) چپلی کباب اور زردہ (D) پلاؤ اور سیخ کباب

(9) سیّد احمد بریلویؒ اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟ (A) 1821ء میں (B) 1841ء میں (C) 1831ء میں (D) 1857ء میں

(10) ایسا راستہ ہے جہاں بادِ صرصر صبا ہوگئی ہے۔ (A) راہِ محبت (B) دیارِ وفا (C) دیارِ غیر (D) راہِ وفا

(11) '' محبت '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) مُحَبَتْ (B) مَحَبَتْ (C) مَحَبَّتْ (D) مُحَبَّتْ

(12) '' ملمع '' کا درست تلفظ ہے۔ (A) مَلَمَعْ (B) مُلَمَّعْ (C) مِلَمع (D) مُلَمَعْ

(13) کسی شعر میں قافیہ کے بعد آنے والے ایک جیسے الفاظ کہلاتے ہیں۔ (A) قافیہ (B) مطلع (C) مقطع (D) ردیف

(14) ایسے الفاظ جن کی املا تو ایک ہی ہو لیکن ان کے معنی دو ہوں، کہلاتے ہیں۔ (A) مترادف (B) ذُو معنی الفاظ (C) متضاد (D) مُہمل

(15) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلّص استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے۔ (A) مقطع (B) مطلع (C) قافیہ (D) آخری شعر